خبر منظر

امریکی کانگریس مین (ممبر پارلیمنٹ) بابی جندل، ان کی بیوی سپریا اور ان کا بیٹا شان ۲۰ر اکتوبر کو جنوبی ریاست لوزیانا کے گورنر منتخب ہونے کی تاریخی کامیابی کی تقریب مناتے ہوئے۔ جندل کے والدین پنجاب سے تعلق رکھتے ہیں۔ وہ کم ترین عمر میں کسی امریکی ریاست کے گورنر منتخب ہوئے ہیں جو کہ ہندوستان میں وزیر اعلیٰ کے برابر ہے۔ وہ پہلے ہندنژاد امریکی گورنر بھی ہونگے اور پہلے غیر گورے بھی جو سو برس سے زیادہ عرصے میں لوزیانا کے اعلیٰ ترین عہدے پر پہنچے ہیں۔ جندل گزشتہ بار ۲۰۰۶ میں ہندوستان آئے تھے۔

آرٹسٹ کیرول ریڈ گزشتہ برس ایک فلبرائٹ اسکالر کے طور پر نئی دہلی میں قیام کے دوران دیہی آرٹسٹوں کی ایک جماعت کے ساتھ کم حیثیت بچوں کے لئے آرٹ کے سبق تیار کرنے کے لئے کام کرتی رہیں۔ اسی اثنا میں پینٹنگ کا ایک سلسلہ تیار کرنے کے لئے بھی وقت نکال لیا جس کی امریکن سینٹر نئی دہلی میں ۷ر تا ۱۳ر دسمبر نمائش کی جائیگی۔ وہ کہتی ہیں کہ یہ شبیہیں تجریدی ہیں اور کسی قدر من مانی ہیں جو بالکل معمولی چیزوں پر میرے ردعمل کا نتیجہ ہیں اور اس ماحول کے رنگ اور روشنی پر میرے ردعمل کا اظہار ہیں۔

(http://www.fulbright-india.org)

ڈاکٹر رینو کھٹور کو یونیورسٹی آف ہیوسٹن سسٹم کا چانسلر اور یونیورسٹی آف ہیوسٹن کا صدر بحال کیا گیا ہے۔ محترمہ رینو کھٹور ۱۹۷۴ میں ہندوستان سے امریکہ منتقل ہوئی تھیں۔ انہوں نے کانپور یونیورسٹی سے گریجویشن کی ڈگری لینے کے بعد پڈو یونیورسٹی امریکہ سے پولیٹیکل سائنس میں ماسٹرس کی ڈگری حاصل کی۔ فی الحال یونیورسٹی آف ساؤتھ فلوریڈا میں سینئر وائس پریزیڈنٹ اور پرووسٹ ہیں۔

بھارت کلانجلی ڈانس اکیڈمی چنئی کے بارہ رکنی ڈانسرس گروپ نے ۳ نومبر کو ولٹن سی ٹی کے ولٹن ہائی اسکول میں ایک عوامی پرفارمنس پیش کیا جس میں مقامی طلباء وطالبات نے بھی حصہ لیا۔ اس گروپ نے دیگر ۱۶ ورکشاپ میں مقامی اسکولی طلباء وطالبات کے ساتھ اپنے انٹرایکٹیو پروگرام کئے۔ یہ آرٹسٹ بھارتیہ ناٹم میں دسترس رکھتے ہیں۔
نیچے بائیں: پرینکا گنیش ایگل اسکول کے دو طلبہ کو ہندوستانی میوزک پر رقص کراتے ہوئے۔